3۔ روزہ

۳۔ روزہ

مسئلہ۹۹۳۔ اعتکاف روزے کے بغیر صحیح نہیں ہے لیکن اعتکاف کی خاطر ہی روزہ رکھنا لازم نہیں ہے بلکہ اعتکاف کے علاوہ بھی (واجب یا مستحب، اپنے لئے یا دوسرے کی نیابت میں) روزہ رکھا جاسکتا ہے۔

مسئلہ۹۹۴۔ اگر کوئی شخص روزہ نہیں رکھ سکتا ہو مثلاً بیمار یا مسافر ہو تو اعتکاف صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ۹۹۵۔ اگر کوئی مسافر اعتکاف کا ارادہ کرے چنانچہ کسی جگہ دس دن قیام کا قصد کرے یا نذرکی ہو کہ سفر میں روزہ رکھے گا تو سفر میں اعتکاف جائز ہے لیکن اگر دس دن قیام کا قصد یا سفر میں روزہ رکھنے کی نذر نہ کی ہو تو سفر میں اس کا روزہ صحیح نہیں ہے اور روزہ صحیح نہ ہونے کی وجہ سے اعتکاف بھی صحیح نہیں ہے۔